# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: ہمارے علاقائی کھیل | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ الفاظ کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- سبق کا اشارہ دینے کے لیے بچوں کے ساتھ ایک کھیل کھیلیں "بوجھو تو جانیں"۔
- بچوں کو بتائیں کہ آپ انھیں کچھ اشارے دیں گے۔ ان اشاروں کو غور سے دیکھنا ہے اور بوجھنا ہے کہ وہ کس کھیل کے بارے میں ہیں۔
- اب بچوں کو مختلف اشارے دیں سب سے پہلے بیڈ منٹن کا اشارہ دیں۔
- جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔
- درست جواب دینے کی صورت میں حوصلہ افزائی کریں۔
- اس کے بعد کرکٹ سے متعلق اشارے دیں۔ درست جواب دینے والے بچے کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی مختلف کھیلوں جیسے ہاکی، فٹ بال وغیرہ پر کریں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں کو پڑھائی کے لیے آمادہ کرنے کے لیے ان سے پوچھیں:
- ان کا پسندیدہ کھیل کون سا ہے؟
- پاکستان کا قومی کھیل کون سا ہے؟
- کوئی سے تین کھیلوں کے نام بتائیں۔
- بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 19 کھلوائیں۔ تلفظ سیکھیں میں شامل الفاظ کی بار بار پڑھائی کروائیں۔

- اب ان الفاظ کی پرچیاں بنائیں اور بچوں میں تقسیم کر دیں۔
- بچوں کو کہیں کہ اپنی اپنی پرچیوں کو کھولیں اور الفاظ میں اعراب کی خواندگی کریں۔
- درست تلفظ کی ادائی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔
- سبق کے متن کی چند لائنوں کو پہلے خود درست تلفظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- اس دوران بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ آپ کے پڑھائے گئے سبق کو بغور سنیں۔
- اب جماعت میں باری باری متفرق بچوں سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- سبق سنتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچہ الفاظ کو صحیح تلفظ سے ادا کرے۔
- اسی طرح صفحہ نمبر 19 سے متن کی پڑھائی مکمل کروائیں۔
- پڑھائی کے آخر میں متن سے متعلق سوالات کرے تاکہ بچوں کی فہم کا اندازہ کیا جاسکے۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) سبق میں موجود مشکل الفاظ کی دہرائی کے لیے بچوں سے ان کی ادائی کروائی جائے۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی پڑھائی کرنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ: 2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 1 | | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 2 | | سبق کا نام: ہمارے علاقائی کھیل | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ الفاظ کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کرکے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت میں تمام بچوں کو ایک دائرے میں بٹھادیں، بچوں سے ان کی پسند اور ناپسند کے بارے میں پوچھیں۔
- بچوں سے کہیں کہ باری باری سب بچے اپنے پسندیدہ کھیل کے بارے میں بتائیں اور وجہ بھی بتائیں کہ انھیں یہ کھیل کیوں پسند ہے؟

- پچھلے روز پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروانے کے لیے مشکل الفاظ کی پرچیاں ایک ٹوکری میں ڈالیں اور دائرے میں ایک بچے کو ٹوکری پکڑا دیں۔
- اس بچے سے ٹوکری میں سے ایک پرچی نکالنے اور اس پر لکھا لفظ صحیح تلفظ سے پڑھنے کو کہیں۔ درست ادائی پر اس کی حوصلہ افزائی کریں اور بچوں سے تالیاں بجوائیں۔
- غلطی کی صورت میں ٹوکری اگلے بچے کو دیں اور پہلے وہ اس کی درست ادائی کریں اور پھر اپنی پرچی نکال کر اس پر موجود لفظ کو پڑھ کر سنائے۔
- اسی طرح یہ سرگرمی تمام بچوں سے کروائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر تمام بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں کی سبق میں آمادگی کے لیے ان سے پوچھیں:
- کھیل ہمارے لیے کیوں ضروری ہیں؟
- علاقائی کھیل کسے کہتے ہیں؟
- بچوں کے کھیلوں کے چند نام بتائیں۔
- درست جوابات دینے پر بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو صفحہ نمبر 20 پر متن کی پڑھائی کروائیں۔
- مشکل الفاظ کو خط کشید کروائیں اور معانی واضح کریں۔
- جماعت میں ان بچوں سے پڑھائی کروائیں جن کی کل باری نہیں آئی تھی یا جو کلاس کی سرگرمی میں حصہ لینے سے کتراتے ہیں۔
- سبق سنتے وقت الفاظ کی درست ادائی پر خاص توجہ دیں۔
- غلط تلفظ والے الفاظ کو بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- پڑھائی کے دوران کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔
- اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں۔
- سبق کی پڑھائی مکمل ہونے کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ انھوں نے اس سبق سے کیا سیکھا؟
- بچوں سے جوابات لینے کے بعد انھیں بتائیں کہ:
- کھیل انسان کو چاق و چوبند رکھتے ہیں۔
- کھیل کھیلنے سے انسان تن درست رہتا ہے اور مختلف بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔

**اعادہ:** (3 منٹ) سبق کے نکات کا اعادہ کروائیں۔

| |
|---|
| **جائزہ:** (5 منٹ) سبق سے متعلق سوالات پوچھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جواب لیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 3 | سبق کا نام: ہمارے علاقائی کھیل | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ اسٹکس، ورک شیٹ، مشکل الفاظ کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- سبق "ہمارے علاقائی کھیل" سے کوئی سے پانچ الفاظ پرچیوں پر لکھ کر ٹوکری میں ڈالیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنادیں ہر گروہ میں سے ایک بچے کو بلائیں۔
- اسے آنکھیں بند کر کے ٹوکری میں سے ایک پرچی نکالنے کو کہیں۔
- اب اسے اس پر لکھے لفظ کا درست تلفظ ادا کروائیں اور پھر اس سے متعلق ایک جملہ بنانے کے لیے کہیں۔ اسی طرح یہ سرگرمی متفرق بچوں سے کروائیں۔
- یہ تکنیک محض سبق کو دلچسپ بنانے کے لیے ہے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 20 پر موجود نئے الفاظ کی سرگرمی کروانے کے لیے بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے۔
- بچوں کو بتائیں آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- الفاظ معانی کا مقصد بچوں کو مختلف الفاظ کے مفہوم سے آگاہ کرنا ہے۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنادیں۔ چھے آئس کریم اسٹکس لیں۔
- ان پر ایک طرف نئے الفاظ میں سے الفاظ لکھے ہوں۔
- ایک اسٹک پر ایک لفظ لکھیں۔

- ان تمام اسٹکس کو ایک ٹوکری میں ڈال دیں اور اس ٹوکری کو باری باری ہر گروہ کے پاس لے جائیں۔
- انھیں اس میں سے کوئی سی بھی اسٹک اٹھانے کے لیے کہیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ اسٹک پر لکھا لفظ پڑھیں اور اس کے سامنے اس کا معانی لکھیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے ان کے لکھے ہوئے معانی سنانے کے لیے کہیں اور بعد ازاں انھیں بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- اس کے بعد الفاظ معانی کی بار بار پڑھائی کروائیں تاکہ بچے ان کو بآسانی یاد کریں۔

**اعادہ:**(3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5 منٹ) بورڈ پر الفاظ لکھیں اور بچوں سے ان کے معانی کی دہرائی کروائیں۔

**گھر کا کام:**(2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

ا۔ دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| بر قرار | |
| مقبول | |
| جھپٹنا | |
| بھرتی | |
| مقرر | |
| مابین | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: ہمارے علاقائی کھیل | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ ڈسپوزیبل گلاس، مختلف رنگ کی چٹیں، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے دو بچوں کو بلا لیں۔
- بچوں کے ساتھ میوزیکل چیئر والی گیم کھیلیں۔
- جماعت میں چند کرسیاں ایک طرف رکھ دیں۔
- بچوں کو ان کے پاس کھڑا ہونے کی ہدایت کریں۔
- بچوں کی نسبت ایک کرسی کم ہو۔
- بچوں کو گھنٹی شروع کرتے ہی گھومنے کے لیے کہیں۔
- اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔
- آواز بند ہوتے ہی بچوں کو کرسیوں پر بیٹھنے کے لیے کہیں۔
- جو بچہ کھڑا رہ جائے گا اس سے "ہمارے علاقائی کھیل" سے متعلق کسی سوال کا جواب پوچھیں۔
- درست جواب دینے پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں گروہ کا دوسرا بچہ جواب دے گا۔
- اب ایک اور کرسی کم کر دیں اور کھیل دوبارہ شروع کر دیں۔ اس سرگرمی کو اس وقت تک کریں جب تک ایک کرسی اور دو بچے نہ رہ جائیں۔
- جیتنے والے گروہ کو کوئی انعام دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق "ہمارے علاقائی کھیل" سے متعلق سوالات کے جوابات لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- بچوں کو ایک بار سبق کا خاموشی سے مطالعہ کرنے کی ہدایت دیں۔
- ایک گلاس میں چار مختلف رنگوں کی چٹیں رکھیں جن پر تفہیم میں پوچھے گئے سوالات لکھے ہوں۔

- جماعت میں بچوں کے چار گروہ بنادیں ہر گروہ کا ایک لیڈر مقرر کریں۔
- اب کسی ایک گروہ کے لیڈر کو بلائیں اسے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے ایک چٹ اُٹھالے۔
- اسی طرح باقی تین گروہوں کے لیڈرز کو بلائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ چٹ پر لکھا سوال پڑھیں اور اس سوال کا جواب سوچیں۔
- انھیں سوچنے کا وقت دیں اور بورڈ پر سوالات لکھ کر ان کے جوابات کے لیے خالی جگہ چھوڑ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس سوال کی چٹ آئی ہے اسے تلاش کر کے اس کے نیچے جواب لکھیں۔
- درست جواب دینے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- سوالات کے جوابات مکمل ہونے پر ان کی بلند خوانی کروائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور سوالات کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر کاپیوں میں لکھیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بچوں کے کاپیوں پر لکھے سوالات چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

ا۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

(الف) کھیلوں کے چند فوائد لکھیں۔

______________________________________

(ب) جوانوں کے کھیلوں میں کون کون سے کھیل شامل ہیں؟

______________________________________

(ج) پاکستان کا قومی کھیل کون سا ہے؟

______________________________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 1 | | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | | سبق کا نام: ہمارے علاقائی کھیل | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ سوالوں کی پرچیاں، جملوں کے کارڈز، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- سبق کے اعادہ کے لیے سوالات بورڈ پر لکھیں۔ جماعت کو چار گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں ایک ایک سوال دیں۔
- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور انھیں باہم مشورے سے جواب دینے کے لیے کہیں۔
- مخصوص وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر سے کہیں کہ وہ آئیں اور پوچھے گئے سوال کا جواب لکھیں۔
- جس گروہ کے بچے درست جواب لکھیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 19 کھلوائیں۔
- جماعت میں بچوں کے چھے گروہ بنا دیں۔
- انھیں سبق کا خاموشی سے مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- انھیں پہلے سے بتا دیں کہ مشق میں دیے گئے سوال (2 اور 3) کے بارے میں ان سے کوئی بھی سرگرمی کروائی جا سکتی ہے۔
- انھیں کچھ وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد سوال نمبر 2 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے دیے گئے سوالات کی چھے پرچیاں اس طرح بنائیں کہ ہر سوال کے سامنے تین تین ممکنہ جوابات لکھیں ہوں۔
- اب ایک ٹوکری میں چھے پرچیاں بند کر کے رکھ دیں۔
- اب باری باری یہ ٹوکری سارے گروہوں کے پاس لے جائیں اور ہر گروہ میں سے ایک بچے کو ایک پرچی اُٹھانے کو کہیں۔

- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ہدایت دیں کہ پرچی کھول کر اس کا سوال پڑھیں اور باہم مشورے سے اسکے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔
- اس دوران بورڈ پر بھی تمام سوالات ان کے نیچے ممکنہ جوابات کے ساتھ لکھ دیں۔
- اب ہر گروہ سے ایک لیڈر کو بلائیں اور ہدایت دیں کہ جس سوال کی پرچی اس کے پاس آئی ہو گی بورڈ پر آ کر اس سوال کو تلاش کرے اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب ہونے کی صورت میں دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔
- اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں ہر گروہ کو غلط / درست فقرات پر مبنی ایک ایک کارڈ دیں جن کو پڑھ کر وہ درست اور غلط کی نشان دہی کر سکیں۔
- انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- اس دوران بورڈ پر وہی جملے لکھیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلوائیں اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے جملوں میں دیکھے کہ اس کے پاس کون سا جملہ آیا ہے؟
- پھر جملے کی خواندگی کرتے ہوئے اس کے غلط یا درست ہونے کی نشان دہی کرے۔
- جماعت میں باقی گروہوں سے بھی سرگرمی مکمل کرواتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:**(3 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5 منٹ) سبق سے متعلق مختلف فقرات تھوڑے سے ردّ و بدل کر کے لکھیں اور طلبہ کی فہم کو جانچنے کے لیے انھیں ان فقرات کی درستی کرنے کے لیے کہیں۔

**گھر کا کام:**(2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 1 | | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | | سبق کا نام: ہمارے علاقائی کھیل | |

**مقاصد:** موضوع سے متعلق اظہارِ خیال کر سکیں۔

اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کا تعارف کروائیں۔

الفاظ کو جملوں میں استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ جملوں کے کارڈ

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت میں متفرق بچوں سے سبق کی پڑھائی کروائیں اور تمام بچوں کو سبق خاموشی اور توجہ سے سننے کی ہدایت کریں۔
- سرگرمی 'آئیں بات کریں' کا سوال نمبر 4 حل کروانے کے لیے جماعت کے بچوں کو گروہی شکل میں بٹھائیں اور ہدایت کریں کہ وہ سبق میں موجود کھیلوں کے ناموں کی فہرست بنائیں۔
- اس کام کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- اس کے بعد انھیں کہیں کہ باہمی مشاورت سے دو کھیلوں کے بارے میں بتائیں کہ وہ کیسے کھیلے جاتے ہیں۔
- سرگرمی مکمل ہونے کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ ایک ایک کر کے جماعت کے سامنے آئیں اور اپنے لکھے گئے جوابات اپنے ساتھیوں کو سنائیں۔
- بہترین کارکردگی والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں اور تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 22 کے سوال نمبر 6 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے سوال میں موجود الفاظ بورڈ پر لکھ کر ان کی پڑھائی کروائیں۔
- متفرق بچوں سے ان کے جملے بنوائیں۔
- اب جماعت میں دو، دو بچوں کی جوڑیاں بنائیں اور انھیں ایک ایک لفظ اور کارڈ دے کر ہدایت دیں کہ وہ اس لفظ کا جملہ بنائیں۔
- کام کے دوران بچوں کی نگرانی کریں کہ وہ صحیح کام کر رہے ہیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر جوڑی کو جماعت کے سامنے بلائیں اور بورڈ پر لکھے الفاظ میں سے ان کو جو لفظ دیا گیا تھا، تلاش کرنے کو کہیں۔

- اب انھیں ہدایت دیں کہ لفظ کو درست تلفظ سے پڑھیں اور متعلقہ جملہ بنائیں۔
- جماعت میں بنائی گئی تمام جوڑیوں کے ساتھ سرگرمی کو دہرائیں۔
- آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 22 میں سوال نمبر 4 سے متعلق بچوں سے بات چیت کریں اور ان سے ان کے رشتے دار کا تعارف کروانے کے لیے کہیں۔
- باری باری ہر بچے کو موقع دیں کہ وہ جماعت کے سامنے آئے اور اپنے رشتے دار کا نام، ان کے پسندیدہ کھیل کے بارے میں بتائیں۔
- اس سرگرمی کو کروانے سے بچوں میں دوسروں کے سامنے بات کرنے کے لیے اعتماد پیدا ہو گا۔
- اسی سرگرمی کے لیے بچوں کی جوڑیاں بنائیں اور انھیں اپنے دوستوں کو بتانے کا موقع دیں کہ ان کے کن کن رشتہ داروں کو کھیلوں میں دل چسپی ہے۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جملے بورڈ پر بنوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

**ا۔ دیے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔**

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| میدان | |
| مقبول | |
| ویران | |
| برداشت | |
| کشتی | |